**20/04/2025**

**07.40 PM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ تجمل احمد سے خبریں سُنئے**

**پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔**

**ہیڈ لائنز**

**٭....... رام بن ضلعے میں شدید بارشوں اور سیلابی ریلوں کے نتیجے میں تین افراد جاں بحق// 100 سے زائد لوگوں کو بچایا گیا۔**

**٭....... لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا رام بن سانحہ میں انسانی جانوں کے ذیاں پر دکھ اورافسوس کا کیا اظہار// متاثرین کو ہر ممکن مدد فراہم کرنے کا دلایا یقین۔**

**٭....... سرینگر جموں قومی شاہراہ ٹریفک کےلئے لگاتار بند// موسم میں22 اپریل سے بہتری آنے کا امکان۔**

**اور**

**٭....... سرکار جمونو کشمیر میں کاروبار دوست ماحول قائم کرنے کےلئے پُر عزم// وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ۔**

**رام بن سانحہ**

**رام بن ضلعے میں شدید ژالہ باری پتھر گرنے اور تیز ہوائیں چلنے کے واقعات میں کم از کم تین افراد کی موت ہو گئی ہے۔ تیز بارش ہونے سے آج صبح سویرے ضلعے کے دھر م کنڈ گاؤں میناچانک سیلاب آگیاتاہم اس میں100سے زیادہ لوگوں کو بچالیا گیا ہے۔ ضلعے میں کئی مکانوں کو بھی نقصان پہنچا ہے جبکہ کئی موٹر گاڑیاں سیلاب کے پانی میں بہہ گئی ہیں۔**

**مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں بتایا کہ وہ ضلعے کے ڈپٹی کمشنر کے ساتھ رابطہ میں ہیں۔ انہوں نے برقت اور فوری کاروائی کےلئے ضلع انتظامیہ کی**

ستائش کی ہے، جس کی وجہ سے کئی قیمتی جانوں کو بچانے میں مدد ملی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مالی امداد سمیت ہر طرح کی مدد اور راحت پہنچائی جا رہی ہے۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے رام بن ضلعے میں موسلادھار بارشوں کے نتیجے میں انسانی جانوں کے نقصان پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے اور مصیبت کی اس گھڑی میں سوگوار کنبوں سے دلی تعزیت ظاہر کی ہے۔ ایک بیان میں لیفٹنٹ گورنر نے کہا ہے کہ ضلع انتظامیہ، SDRF اور بچاؤ ٹیمیں کام پر لگی ہوئی ہیں تاکہ تیزتر بچاؤ اور راحت کاری بنائی جا سکے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ متاثرہ کنبوں کو تمام ممکنہ مدد فراہم کی جا رہی ہے۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی رام بن میں چٹانوں کے ٹکڑے گرنے اور اچانک سیلاب آنے سے تین لوگوں کی موت ہونے پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ وہ مقامی انتظامیہ کے ساتھ رابطہ قائم کئے ہوئے ہیں تاکہ جہاں کہیں بھی ضرورت ہو، بچاؤ کی فوری کوششوں کو یقینی بنایا جا سکے۔

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے رام بن سانحہ میں انسانی جانوں کے اتلاف پر دکھ اور افسوس ظاہر کیا ہے اور متاثرہ کنبوں سے ہمدردی ظاہر کی ہے۔

نائب وزیر اعلیٰ

دریں اثناءنائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے آج رام بن ضلعے کا دورہ کیا اور وہاں صورتحال کا بر سر موقع جائزہ لیا۔ انہوں نے متاثرہ لوگوں کو سرکار کی طرف سے ہر ممکن مدد کا یقین دلایا۔ بعد میں ہمارے نمائندے خورشید پڈرو کے ساتھ خصوصی بات چیت میں نائب وزیر اعلیٰ نے کہا۔

-------

قومی شاہراہ

دریں اثناءسرینگر جمونقومی شاہراہ گاڑیوں کی آمد ورفت کےلئے لگاتار بند ہے۔ شاہراہ کے مختلف پڑاؤں پر بھاری پسیوں اور پتھروں کاکافی ملبہ موجود ہیں ، جسے ہٹانے کا کام شدو مد سے جا ری ہے۔

نیشنل ہائی وے اتھارٹی آف انڈیا کے پروجیکٹ ڈائریکٹر پرشوتم کمار نے کہا کہ شاہراہ کو آمد ورفت کے قابل بنانے کےلئے5سے6دن لگ سکتے ہیں۔

------

ادھر آئی جی پی ٹریفک سلیمان چودھری نے بھی کہا ہے کہ قومی شاہراہ پر بھاری مقدار میں بکھرے ملبے کو ہٹانے کےلئے وقت لگ سکتا ہے۔ انہوںنے جانکاری دی ہے کہ کل سرینگر یا جموں سے کسی بھی گاڑی کو شاہراہ پر چلنے کی اجازت نہیں دیجائے گی۔

پولیس مدد

اسی دران وادی کے مختلف علاقوں میں جا ری نا سازگار موسم اور موسلا دھار بارشوں کے تناظر میں جمونو کشمیر پولیس نے کولگام میں ضرورت مند لوگوں کی بر وقت مدد فراہم کی ہے۔ ضلع کے گلاب باغ علاقے کے لوگوں نے علاقے میں ایک نہر کا پانی بندہوجانے کے بعد یہ پانی رہائشی مکانوں میں داخل ہونے سے پیدا شدہ خطرے کے بارے میں پولیس کی مدد طلب کی۔

ایس ایس پی کولگام کی نگرانی میں ایک پولیس ٹیم جائے وقوع پر پہنچی اور اُس نے اپنے سبھی ذرائع کو بروئے کار لاکر نہر کے پانی کا نہ صرف رُخ موڑا بلکہ علاقے کے لوگوں کی جانوں اور املاک کا تحفظ کیا۔ عام لوگوں نے پولیس کی اس بروقت کاروائی کےلئے اُس کا شکریہ ادا کیا ہے۔

MET

دریں اثناءمحکمہ موسمیات نے جمونو کشمیر میناگلے 24 گھنٹوں کے دوران اکثر جگہوں پر ہلکی بارش ہونے جبکہ کہیں کہیں پر آسمانی بجلی گرجنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ محکمے کے ڈائریکٹرڈاکٹر مختار احمد نے آکاشوانی نیوز کو بتایا کہ 22 سے30اپریل تک موسم عمومی طور پر خشک رہنے کی پیشگوئی ہے۔

عمر عبداللہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ سرکار جمونو کشمیر میں تیز تر، شفاف اور کاروبار دوست ماحول قائم کرنے کے عزم پر کار بند ہے۔ جمونو کشمیر میں کاروبار کو آسان بنانے اور ضابطوں میں سہولت پیدا کرنے کی پیش رفت کا جائزہ لینے کےلئے ایک میٹنگ کی صدارت کر سیکٹر کو مدد دینے اور کاروبار کی چھوٹی MSME تے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ انتظامیہ چھوٹی خلاف ورزیوں کےلئے انہینجرم سے آزاد کرنے کے کام میں جٹی ہوئی ہے۔

وزیر اعلیٰ نے تمام محکموں کو ہدایت دی کہ وہ اپنے اصلاحاتی منصوبوں کے اہداف کو ہر پورٹل پر اپلوڈ کرکے بنا کسی MISپندرہ پندرہ روز میں مکمل کیا کریں اور انہیں جلد از جلد تاخیر کے انہیں نافذ کرے۔ انہوں نے جواب دہی کو یقینی بنانے کےلئے ہر دو ماہ میں پیش رفت کا جائزہ لینے کے بھی احکامات دیئے۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

سکینہ ایتو

تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج سرینگر میںایک میٹنگ کے دوران سماگرہ شِکشا کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ انہوںنے مختلف اجزاءکے تحت سماگرہ شِکشا کے جا ری کاموں کا تفصیلی جائزہ لینے کے علاوہ2025-26کے آنے والے سال کےلئے تفصیلی جانکاری بھی حاصل کی۔ وزیر موصوفہ نے افسروں پر زور دیا کہ وہ رقومات کے مناسب تصرف کے علاوہ کاموں کے معیار کو بنائے رکھیں۔

میٹنگ میں سماگرہ شِکشا کی پروجیکٹ ڈائریکٹر بوانی رکھوال، ڈائریکٹر سکول ایجوکیشن کشمیر ڈاکٹر جی این ایتو و ڈائریکٹر سکول ایجوکیشن جموں نسیم جا وید کے علاوہ دیگر حکام موجود تھے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں میں آج ایک اعلیٰسطحی میٹنگ کی صدارت کی جس میں انہوں نے یوٹی بھر میں سکول ایجوکیشن کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوںنے آرٹیفیشل انٹلی جنس کو لرننگ ایکو سسٹم میں مربوط کرنے کی ضرورت اُجاگر کی۔

چیف سیکریٹری نے سکولی تعلیم محکمے کو ہدایت دی کہ وہ مصنوعی ذہانت پر مبنی ایک لرننگ ماڈیول تیار کرے جو طالب علموں کو انکے انفرادی جائزے پر مبنی مخصوص سبق پڑھائے۔

منشیات

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں وکشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کےلئے کئی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

اس ضمن میں جی ایم سی سرینگر اور انسٹی چیوٹ آف مینٹل ہیلتھ اینڈ نیرو سائنسز میں سائیکیٹری شعبے کے پروفیسر اور ڈی ایڈکشن سینٹر کے انچارج ڈاکٹر IMHANSیعنی یاسر راتھر نے کہا کہ اگر کسی بچے میں نشے کی علامات پائی جائیں تو اسکے ساتھ ہمدردانہ رویہ اختیار کر کے اُس کا بروقت علاج کیا جانا چاہئے۔ انہوں نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

**کانفرنس**

جے اینڈ کے ٹیچر فورم ڈسڑکٹ اننت ناگ نے آج ٹاون ہال اچھہ بل میں منشیات کی لعنت اور اساتذہ کے رول کے عنوان کے تحت ایک کانفرنس کا اہتمام کیا۔ تقریب پر ایم ایل اے شانگس اور اننت ناگ ایسٹ کے ایم ایل اے ریاض خان مہمان خصوصی تھے۔ انہوں نے منشیات کی لعنت سے نمٹنے میں اسا تذہ طبقے کی کاوشوں کو سراہا۔

**NC**

نیشنل کانفرنس حلقہ انتخاب لالچوک کی جانب سے آج پارٹی ہیڈ کواٹر پر ایک کنونشن کا انعقاد ہوا جس میں پارٹی امورات، تنظیمی سرگرمیوں خصوصاً لوگوں کے مسائل و مشکلات پر مقررین نے تبادلہ خیال کیا۔ کنونشن کی صدارت پارٹی کے سینئر لیڈر اور ایم ایل اے لالچوک شیخ احسان پردیسی نے کی۔ کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نیشنل کانفرنس اپنے پارٹی منشور کے وعدوں پر چٹان کی طرح قائم ہے اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ لوگوں کے تمام مسائل و مشکلات حل کرنے میں جٹے ہوئے ہیں۔

**اِگنو**

اِگنو کے ریجنل سینٹر سرینگر کی جانب سے آج سکمز صورہ کے آڈیٹوریم میں سلسلہ وار تقریبات منعقد کی گئیں، جن میں سال 2024-25 کے دوران ریجنل سینٹر کی طرف سے حاصل کی گئی حصولیابیوں پر مبنی ایک کتاب جا ری کرنا اور اُن طالب علموں کےلئے انڈکشن میٹنگ کا انعقاد شامل تھا، جنہوں نے جنوری2025سیشن کےلئے داخلہ لیا ہے۔

رضوی کے علاوہ سکمزصورہ AHکتاب اجراءکرنے کی رسم پر اِگنو کے ریجنل ڈائریکٹر ڈاکٹر کے ڈائریکٹرڈاکٹر محمد اشرف گنائی ، کشمیر یونیورسٹی کے رجسٹرار پروفیسر نصیر اقبال اور سکمز صورہ کے ہاسپٹل ایڈمنسٹریشن شعبے کے سربراہ پروفیسر جی ایچ ایتوکے علاوہ ایس ایس پی آفتاب احمد میر موجود تھے۔

بعد میں اِگنو کے ریجنل ڈائریکٹر ڈاکٹر اے ایچ رضوی نے شعبہ خبر سے گفتگو کر تے ہوئے کہا کہ اِگنو کا مقصد بہتر اور معیاری تعلیم فراہم کرنا ہے۔

-----

**ایسٹر**

آج دنیا بھر میں ایسٹر کا تہوار منایا جا رہا ہے۔ یہ تہوار عیسائی برادری کےلئے خاصا اہم ہے۔ملک اور بیرون ملک سے ایسٹر منائے جانے کی اطلاعات ہیں۔ ایسٹر کے موقعے پر آج گر جاگھروں میں خصوصی دعائیہ مجالس کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے ایسٹر کے موقع پر سبھی کو مبارکباد پیش کی ہے۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھی لوگوں بطور خاص عیسائی برادری کو ایسٹر کی مبارکباد پیش کی ہے اور تمنا ظاہر کی ہے کہ ایسٹر کا یہ تہوار ہر ایک کی زند گی میں خوشی، سکون اور مسرت لیکر آئے۔ نیشنل کانفرنس صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے بھی عیسائی برادری کو ایسٹر کی مبارکباد پیش کی ہے۔

جمونو کشمیر میں عیسائی برادری سے تعلق رکھنے والے کئی شخصیات نے لوگوں کو ایسٹر کی مبارکباد دی ہے۔

------

**انٹرویو اطلاع**

کے مشن  ICDSآکاشوانی سرینگر سے آج رات ساڑھے آٹھ بجے پوشن پکھواڑہ کے بارے میں ڈائریکٹر کشوری لال کے ساتھ ایک انٹرویو نشر ہو گا۔ انکے ساتھ ہم کلام ہونگے آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر۔

**عرس**

جمونو کشمیر میں آج عرس مبارک حضرت خواجہ خواجگان حضرت سلطان احمد یسوی ؒ نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا ۔ اس سلسلے میں وادی میں سب سے بڑی تقریب آستان عالیہ میر سید محی الدین کاملی ؒ واقع پاندان نوہٹہ سرینگر میں منعقد ہوئی جہاں نماز فجر کے بعد قرآن خوانی، ختمات المعظمات اور مولود خوانی کی تقریب آراستہ ہوئی۔

**موسم**

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 21اعشاریہ4ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 8ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35اعشاریہ4ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت26اعشاریہ2ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر53 اور

غروب آفتاب شام7بجکر7منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

.......................

.................

........